# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ زرعی سائنسز)

## وارننگ

**عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:**

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی جعلی سٹوڈنٹ سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: پھلوں کی پیداوار (257) — سمسٹر: خزاں 2012ء

سطح: میٹرک — کل نمبر: 100

کامیابی کے نمبر: 40

## امتحانی مشق نمبر 1

سوال نمبر 1- پھلوں کی غذائی اہمیت آسان الفاظ میں بیان کریں نیز مختلف پھلوں کی مثالیں بھی دیں۔ (20)

سوال نمبر 2- پودوں کی مناسب نشوونما اور بڑھوتری کے لیے متوازن خوراک ضروری ہے۔ پودوں کے لیے ضروری اجزائے خوراک کو کل کتنے گروپوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟ بیان کریں نیز پودوں میں مختلف عناصر کی کمی کی علامات بھی تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 3- باغ میں پھلدار پودے لگانے کے کئی نظام ہیں نام لکھیں نیز مربع نظام اور مستطیل نظام پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 4- گرم مرطوب علاقوں میں پائے جانے والے پھلوں کے نام لکھیں کسی دو کی کاشت سے برداشت تک کے مراحل آسان الفاظ میں تحریر کریں۔

(20)

سوال نمبر 5- پھلدار پودوں میں معروف پھپھوندی اور وائرسی بیماریوں کے پھیلنے کے اسباب تحریر کریں نیز ان سے بچاؤ کے لیے ضروری حفاظتی اقدامات بھی تجویز کریں۔

(20)

## امتحانی مشق نمبر 2

سوال نمبر 1- ملکی معیشت میں پھلوں کی اہمیت وافادیت کے بارے میں وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 2- پھلدار پودوں کی نشوونما میں آبپاشی کی اہمیت بیان کریں نیز ہمارے ہاں آبپاشی کے مختلف طریقے کون سے ہیں؟ کسی دو طریقوں پر تفصیلاً نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 3- باغ کی منصوبہ بندی پر اثر انداز ہونے والے عوامل کون سے ہیں؟ نیز پھلدار پودوں کی بہتر کاشت کے لیے زمین کا تجزیہ اور تیاری کیوں ضروری ہے؟ سادہ الفاظ میں بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 4- ترشاوہ پھلوں، آم، کیلا اور کھجور کے افزائش نسل کے طریقے تفصیل سے لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 5- پھلدار درختوں کی شاخ تراشی کے مختلف طریقے سادہ الفاظ میں بیان کریں۔ (20)

## امتحانی مشق نمبر 3

سوال نمبر 1- آب وہوا کے اعتبار سے پھلوں کی درجہ بندی مختلف علاقوں میں کی گئی ہے بیان کریں نیز نیم گرم مرطوب علاقوں میں پائے جانے والے پھلوں کی اہمیت وافادیت واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر 2- پھلدار پودوں کی مناسب برداشت کے لیے استعمال ہونے والے طریقے بیان کریں نیز پھلوں کی برداشت کے لیے ضروری اقدامات بھی تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 3- باغ میں پودے لگانے سے پہلے باغ کا تجزیہ کرنا کیوں ضروری ہے؟ پودوں کے لیے موزوں درمیانی فاصلے کے بارے میں وضاحت کریں۔ نیز گڑھے کی کھدائی اور بھرائی کے لیے موزوں ہدایات بھی تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 4- سیب، آڑو اور آلو بخارا جیسے پھلدار پودوں کی افزائش نسل کے طریقے بیان کریں نیز سیب اور خوبانی کی مشہور اقسام کے نام بھی لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 5- پھلوں کو محفوظ کرنے کے لیے کولڈ اسٹوریج کا استعمال کیوں ضروری ہے؟ کولڈ اسٹوریج میں پھلوں کو محفوظ کرنے کے فوائد بیان کریں۔ نیز کولڈ اسٹوریج میں پھل محفوظ کرنے کے لیے ضروری ہدایات تحریر کریں۔ (20)

## امتحانی مشق نمبر 4

سوال نمبر 1- گرم مرطوب اور سرد علاقوں میں پائے جانے والے پھلوں کی اہمیت وضرورت سادہ الفاظ میں بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 2- پھلوں کی پیداوار میں آب وہوا کی اہمیت سے انکار ناممکن ہے۔ پھلوں کی کاشت و پیداوار میں آب وہوا اور اس پر اثر انداز ہونے والے دیگر عوامل کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟ تفصیلاً روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر 3- گرم مرطوب علاقوں میں آم کے طریقہ کاشت سے لے کر برداشت تک کے مراحل سادہ الفاظ میں بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 4- بیر کی مشہور اقسام کے نام اور خصوصیات تحریر کریں نیز فالسہ اور جامن کی برداشت کے طریقے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 5- درج ذیل پر مختصر نوٹ لکھیں۔

(i) سرنگ بنانے والی سنڈی (5)

(ii) چورکیڑا (5)

(iii) سرخ مائٹس (5)

(iv) تنے کی سنڈی (5)